Rampur State Gazette.

رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم اعلحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۵۱ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ یکم ربیع الاول سنہ ۱۳۵۸ھ مطابق ۲۲ اپریل سنہ ۱۹۳۹ء جلد ۵۱

احکام اجلاس ہمایوں اعلیٰ اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

۱	منظوری رخصت میڈیکل آفیسر صاحب اسپوشیٹ فورسز	۲	۴	تفویض باغات ڈویلپمنٹ اینڈ سٹریز	۵
۲	رخصت رول افسران فوج	۲تا۴		بحالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر وغیرہ	۶
۳	عطائے اختیارات "مجسٹریٹ" بجائیمرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس بصیغہ اصطبل	۵			

احکام ازان اسٹیٹ کونسل رامپور

۱	مسودہ ترمیم قانون ضابطہ فوجداری سنہ ۱۹۳۴ء بغرض حصول رائے عامہ	۷	۳	عطائے الاؤنس بہ مسٹر عبدالجبار خاں صاحب انجنیر واٹر ورکس دار مجلس میونسپلٹی	۸
۲	تعین تعداد ممبران ٹاؤن ایریا کمیٹی قصبہ ملک	۸			۹

حکم اسٹیٹ کونسل رامپور

۱	منظوری تجویز نامزدگی ممبران سروس سلکشن بورڈ	۱۰

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم نمبر ۱:- واقع ۲۰ر اپریل ۱۹۳۹ء

مزینہ عرضداشت عالی مرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر باشندہ عاے صدور حکم منظوری رخصت اتفاقیہ ۲ر د ۵ر مئی ۱۹۳۹ء لفٹننٹ سید شاہد حسین صاحب رضوی میڈیکل آفیسر رامپور اسٹیٹ فورسیز و اجازت تعطیلات ۳ر و ۴ر د ۶ر و ۸ر مئی ۱۹۳۹ء - بذمہ داری ڈاکٹر صابر حسین صاحب اسسٹنٹ سرجن

حکم

بموجب رپورٹ - میڈیکل افسر رامپور اسٹیٹ فورسیز کی رخصت اتفاقیہ ۲ر د ۵ر مئی و اجازت تعطیلات مندرجہ رپورٹ منظور ہے - آرمی آرڈر جاری ہو - صدور سے احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم نمبر ۲:- واقع ۲۰ر اپریل ۱۹۳۹ء

مزینہ عرضداشت عالی مرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر باشندہ عاے صدور حکم منظوری رخصت رول افسران فوج بموجب نقشہ جات منسلکہ -

حکم

بموجب نقشہ جات منسلکہ رخصت رول افسران فوج منظور ہے - سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - آرمی آرڈر جاری ہو

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نقشہ رخصت رول اسٹیٹ آفیسر صاحبان

زوھیلا لانسرز

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱	کپتان محمد حامد علیخاں صاحب	[illegible] ۱۹۳۹ء	[illegible] ۱۹۳۹ء	سیکنڈ لفٹننٹ محمد شفیق خاں صاحب	
۲	سیکنڈ لفٹننٹ محمد شفیق خاں صاحب	[illegible] ۱۹۳۹ء	[illegible] ۱۹۳۹ء	رسالدار جمیل احمد خانصاحب	

نقشہ رخصت سول انڈین آفیسر صاحبان

رُوہیلا لانسرز

پہلا دار	نام مع عہدہ	کب سے	کب تک	آفیشیٹنگ افسر	کیفیت
″	رسالدار جمیل احمد خاں صاحب	۲۵ رمئی ۱۹۳۹ء	۲۴ رجون ۱۹۳۹ء	دفعدار رفیع الدین خاں	
″	جمعدار اسرار علی خاں صاحب	″	″	دفعدار حشمت علی خاں	
دوسرا دار	رسالدار رفیع اللہ خاں صاحب	۲۵ رجون ۱۹۳۹ء	۲۴ رجولائی ۱۹۳۹ء	دفعدار رشید علی خاں	
″	جمعدار شاہ جہاں خاں صاحب	″	″	دفعدار امتیاز حسین خاں	

نقشہ رخصت فرلو اسٹیٹ آفیسرز

فرسٹ رامپور ... انفنٹری

نمبر رجمنٹ	پیج ڈویژن	(پیج اوّل)	
عہدہ	میجر سکنڈ ان کمانڈ	سکنڈ لفٹننٹ کوارٹر ماسٹر	کپتان کمپنی کمانڈر
نام	عمران شاہ خاں صاحب	محمد مرتضی صاحب	سید خورشید احمد صاحب
کمپنی	″	ہیڈکوارٹر ونگ	ڈی
تعداد رخصت	یک ماہ	یک ماہ	یک ماہ
کب سے	۲۵ رمئی ۱۹۳۹ء	″	۲۵ راپریل ۱۹۳۹ء
کب تک	۲۴ رجون ۱۹۳۹ء	″	۲۴ رمئی ۱۹۳۹ء
کیفیت	زمانہ رخصت میں انکا کام [illegible] عبدالغفار خاں صاحب دیں گے اور [illegible] کمانڈری سکنڈ لفٹننٹ [illegible] صاحب دیں گے۔	زمانہ رخصت میں ان کا متعلقہ کام کپتان فضل القادر خاں صاحب انجام دیں گے۔	زمانہ رخصت میں ان کا متعلقہ کام سکنڈ لفٹننٹ رشید اعلی خاں صاحب انجام دیں گے

نمبر رجمنٹ	پیج دویم			پیج سویم			پیج چہارم
عہدہ	کپتان اڈجوٹنٹ	کپتان کمپنی کمانڈر	سکنڈ لفٹننٹ کمپنی افسر	لفٹننٹ کرنل کمانڈنگ افسر	کپتان کمپنی کمانڈر	سکنڈ لفٹننٹ کمپنی افسر	میجر کمپنی کمانڈر
نام	فضل القادر خاں صاحب	حمید اللہ خاں صاحب	وزارت علی خاں	عزیز حسن خاں صاحب	شریف حسن خاں صاحب	سید اعلی خاں صاحب	عبدالغفار خاں صاحب
کمپنی	ہیڈکوارٹر ونگ	"بی"	″	ہیڈکوارٹر ونگ	"سی"	″	"اے"
تعداد رخصت	یک ماہ	یک ماہ	یک ماہ	یک ماہ	یک ماہ	یک ماہ	یک ماہ
کب سے	۲۵ رمئی ۱۹۳۹ء	″	″	۲۵ رجون ۱۹۳۹ء	″	″	۲۵ رجولائی ۱۹۳۹ء
کب تک	۲۴ رجون ۱۹۳۹ء	″	″	۲۴ رجولائی ۱۹۳۹ء	″	″	۲۴ راگست ۱۹۳۹ء
کیفیت	زمانہ رخصت میں ان کا متعلقہ کام کپتان شریف حسن خاں صاحب انجام دیں گے	زمانہ رخصت میں ان کا متعلقہ کام سکنڈ لفٹننٹ محمد مرتضی انجام دیں گے۔	ان کی جگہ کے لئے آفیشیٹنگ کی ضرورت نہیں ہے	زمانہ رخصت میں انکا متعلقہ کام کوارٹر ماسٹر عمران شاہ خاں صاحب سکنڈ ان کمانڈ انجام دیں گے	زمانہ رخصت میں انکا متعلقہ کام صوبیدار صاحبزادہ سید خورشید علی خاں صاحب بہادر انجام دیں گے	ان کی جگہ کے لئے آفیشیٹنگ کی ضرورت نہیں ہے	زمانہ رخصت میں ان کا متعلقہ کام کمپنی کمانڈری سکنڈ لفٹننٹ سید اعلی خاں صاحب انجام دیں گے

نقشہ رخصت فرلو انڈین فیرز

فہرست امور متفرقہ

نمبر پنج	بیج اول						بیج دوم	
عہدہ	صوبہ دار	صوبہ دار۔ کلرک	جمعدار اڈجوٹنٹ	جمعدار	//	//	صوبہ دار	//
نام	صاحبزادہ خورشید علی خاں صاحب بہادر	ولایت حسین خاں صاحب	شفیع اللہ خاں صاحب	محمد شفیع خاں صاحب	رام پرشاد صاحب	سنگو انداس	نور محمد خاں صاحب	محمد عزیز خاں صاحب
کمپنی	ڈی	ہیڈ کوارٹر ونگ	//	ڈی	//	//	بی	//
تعداد رخصت	ایک ماہ	//	//	//	//	//	//	//
کب سے	۲۵ اپریل ۱۹۳۹ء	//	//	//	//	//	۲۵ مئی ۱۹۳۹ء	//
کب تک	۲۴ مئی ۱۹۳۹ء	//	//	//	//	//	۲۴ جون ۱۹۳۹ء	//
کیفیت	ان کی جگہ کے لئے آفیشیٹنگ کی ضرورت نہیں ہے	ان کے زمانہ رخصت میں ہیڈ کلرک محمود شاہ میاں کام انجام دیں گے۔	ان کے زمانہ رخصت میں جمعدار فاروق حسن خان صاحب کام انجام دیں گے	ان کی جگہہ کے لئے آفیشیٹنگ کی ضرورت نہیں ہے	//	//	//	//

نمبر پنج	بیج دوم			بیج سوم					بیج چہارم				
عہدہ	جمعدار کوارٹر ماسٹر	جمعدار	//	صوبہ دار	صوبہ دار	جمعدار	جمعدار	جمعدار	صوبہ دار	صوبہ دار	جمعدار	جمعدار	جمعدار
نام	سمیع اللہ خاں صاحب	دھومی خاں صاحب	حبیب اللہ خاں صاحب	امیر احمد خاں صاحب	محمد یامین خاں صاحب	وحید علی خاں صاحب	فاروق حسن خاں صاحب	محمود عالم خاں صاحب	امیر احمد خاں صاحب	الطاف حسین خاں صاحب	[illegible] خاں صاحب	[illegible]	[illegible]
کمپنی	H Q ہیڈ کوارٹر ونگ	"بی"	//	سی	سی	H Q	سی	سی	اے	//	//	//	H Q
تعداد رخصت	ایک ماہ	//	//	//	//	//	//	//	ایک ماہ	//	//	//	//
کب سے	۲۵ مئی ۱۹۳۹ء	//	//	۲۵ جون	//	//	//	//	۲۵ جون	//	//	//	//
کب تک	۲۴ جون ۱۹۳۹ء	//	//	۲۴ جولائی	//	//	//	//	۲۴ جولائی	//	//	//	//
کیفیت	ان کے زمانہ رخصت میں جمعدار عبداللہ خاں صاحب کام انجام دیں گے	ان کی جگہ کے لئے آفیشیٹنگ کی ضرورت نہیں ہے	//	ایضاً	ایضاً	ایضاً	ایضاً	ایضاً	ایضاً	ایضاً	ایضاً	ایضاً	ایضاً

نقشہ رخصت دول اسٹیٹ افیسر

سیکنڈ میسور مرتضیٰ انفنٹری بیچ دی

نمبر	عہدہ	نام	کمپنی	از	تک	کیفیت
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	زمانہ رخصت میں کام کپتان کمانڈر [illegible] صاحب بہادر [illegible] انجام دیں گے۔

نقشہ رخصت دول انڈین افسران

رامپور مرتضیٰ انفنٹری و تھرڈ رامپور [illegible] انفنٹری و توپ خانہ۔

نمبر	عہدہ	نام	کمپنی	از	تک	کیفیت
[illegible]	جمعدار	غلام محی الدین خاں صاحب	توپخانہ	یکم مئی	[illegible]	
[illegible]	"	سید قاسم حسین صاحب	[illegible] کمپنی	"	"	
[illegible]	[illegible]	محمد علی خاں صاحب	[illegible]	[illegible]	[illegible]	زمانہ رخصت میں کام کوارٹر ماسٹری کا اسسٹنٹ [illegible] محمد بیگ صاحب انجام دیں گے
[illegible]	[illegible]	محمود علی خاں صاحب	[illegible] کمپنی	"	"	
[illegible]	"	صاحبزادہ سید کریم اللہ خاں صاحب بہادر	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
[illegible]	"	غلام مرتضیٰ خاں صاحب	[illegible] کمپنی	ایضاً	ایضاً	
[illegible]	[illegible]	شرافت علی خاں صاحب	ٹریننگ کمپنی	[illegible]	[illegible]	کار ایڈجوٹنٹی کا جمعدار میجر صاحب اختر حسین خاں انجام دیں گے۔

روبکار

مورخہ ۲۰ / اپریل ۱۹۳۹ء

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و حکمہم

عالی مرتبت مسٹر ایو صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کو عہدہ "سکریٹری" کے اختیارات حاصل ہیں۔ اور اُن کے ماتحت سکریٹری صاحب اسسٹنٹ ملٹری سکریٹری بہادر کو بھی اصطبل میں سکریٹری کے اختیارات ہیں۔ لہذا حسب معروضہ عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر عالی مرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کو صیغہ اصطبل میں منسٹر کے اختیارات عطا کئے جاتے ہیں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو

روبکار

مورخہ ۲۰ / اپریل ۱۹۳۹ء

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و حکمہم

باغات ڈولپمنٹ و انڈسٹریز عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر کے متعلق کئے جاتے ہیں۔ بجائے صاحب ہاؤس ہولڈ سکریٹری بہادر کے باغات کا تعلق بحیثیت سکریٹری صاحب ڈائرکٹر بہادر زراعت سے رہے گا۔ اور صیغہ جات ڈولپمنٹ و انڈسٹریز بھی بحیثیت سکریٹری اُن سے متعلق رہیں گے۔

ہاؤس ہولڈ ڈپارٹمنٹ بجائے عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر کے متعلق کیا جاتا ہے۔

انتظام مصرحۂ بالا کا عملدرآمد یکم مئی ۱۹۳۹ء
سے ہوگا۔

حکم ہوا کہ

سررشتۂ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں
ایک نقل درج گزٹ ہو۔

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور

آرڈر ان کونسل رامپور اسٹیٹ: ۱۳ اپریل ۱۹۳۹ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۲۰ مارچ ۱۹۳۹ء میں عالیجناب صاحب ہوم منسٹر بہادر ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی تجویز بابت خلا پیش ہوئی کہ ضابطہ فوجداری مروجہ برٹش انڈیا میں در صورت عدم ادخال مچلکہ ضمانت مطلوبہ زیر دفعہ ۱۰۹ ضابطہ فوجداری مجسٹریٹ مجاز ہے کہ زیر ضمن (۶) دفعہ (۱۲۳) ضابطہ فوجداری قید سخت میں یا اگر چاہے تو قید محض میں جیل میں رکھے جانے کا حکم دے لیکن مجموعہ ضابطہ فوجداری ریاست رامپور ۱۹۳۱ء میں تحت ضمن (۶) دفعہ ۱۲۳ دفعہ ۱۰۹ کی ضمانت و مچلکہ داخل کرنے کی پاداش میں صرف قید محض دینے کا اختیار ہے۔ یہ یا تو فروگذاشت ہے یا ترجمہ برٹش انڈیا کے کسی پرانے ایکٹ کی کاپی سے کیا گیا ہے۔ جبکہ دفعہ ۱۰۹ و ۱۱۰ ضابطہ فوجداری کا تعلق نیک چلنی سے ہے اور ان کا استعمال اشخاص جرائم پیشہ کے خلاف کیا جاتا ہے تو کوئی وجہ نہیں معلوم ہوتی کہ یہ تفریق دفعات ۱۰۹ و ۱۱۰ کی سزاؤں میں یہاں کیوں رکھی گئی لہذا مناسب ہے کہ ضابطہ فوجداری میں ترمیم کیجائے اور دفعہ ۱۰۹ میں قید محض اور سخت دونوں کا اختیار دیا جائے۔ ترمیم حسب ذیل ہے۔

مجموعہ ضابطہ فوجداری ریاست رامپور مجریہ ۱۹۳۱ء کے ضمن ۶ دفعہ ۱۲۳ سے الفاظ "یا زیر دفعہ ۱۰۹" محذوف کئے جائیں۔ اور الفاظ "اور جبکہ مقدمہ زیر دفعہ" کے بعد اور اعداد "۱۱۰" کے پہلے "۱۰۹ یا دفعہ" ایزاد کئے جائیں

کونسل [illegible] ترمیم مجوزہ منظور کی گئی [illegible] قوانین کے جلسہ میں پیش ہو کر جانا چاہیے اتفاق ہے اول بغرض حصول رائے عامہ درج گزٹ کیا جائے

حکم ہوا کہ

آرڈر ہذا مع نقل کارروائی بخدمت صاحب سکریٹری صاحب کمیٹی وضع قوانین مرسلہ۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری صاحب اسٹیٹ کونسل۔

منیجر صاحب پریس کے پاس مرسل ہو مسودہ قانون ضابطہ فوجداری ریاست رامپور ۱۹۳۹ء منسلکہ ہذا بغرض حصول رائے عامہ آئندہ نمبر کے گزٹ میں شائع کر کے اصل مسودات واپس فرمائے جائیں ۱۵ اپریل ۱۹۳۹ء

(دستخط صاحب سکریٹری صاحب کمیٹی وضع قوانین)

مسودہ ترمیمیہ قانون ضابطہ فوجداری ریاست رامپور

۱۹۳۹ء

(بغرض حصول رائے عامہ)

ہرگاہ کہ یہ امر قرین مصلحت ہے کہ ضمن (۶) دفعہ ۱۲۳ ضابطہ فوجداری ریاست رامپور میں ترمیم کیجائے لہذا حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں۔

دفعہ ۱۔ (۱) قانون ہذا کا نام "ترمیمہ قانون ضابطہ فوجداری ریاست رامپور ۱۹۳۹ء" ہوگا۔

(۲) قانون ہذا کا نفاذ کل حدود ریاست رامپور میں تاریخ اشاعت گزٹ سرکاری سے ہوگا۔

دفعہ ۲۔ مجموعہ ضابطہ فوجداری ریاست رامپور مجریہ ۱۹۳۱ء کے ضمن (۶) دفعہ ۱۲۳ سے الفاظ "یا زیر دفعہ ۱۰۹" محذوف کئے جائیں اور الفاظ "اور جبکہ مقدمہ زیر دفعہ" کے بعد اور اعداد "۱۱۰" کے پہلے "۱۰۹ یا دفعہ" ایزاد کئے جائیں۔

آرڈران اسٹیٹ کونسل — واقع ۱۸ اپریل سنہ ۱۹۳۹ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۰ اپریل سنہ ۳۹ء میں عالیجناب صاحب ہوم منسٹر بہادر کی تجویز بدیں خلاصہ پیش ہوئی کہ قصبہ شاہ آباد میں ٹاؤن ایریا قائم کئے جانے کی منظوری ہو چکی ہے مگر کوئی ٹاؤن ایریا کمیٹی قائم نہیں ہوئی ہے شاہ آباد ٹاؤن ایریا کے انتخاب کی بابت جملہ کاروائی کو ملاحظہ کرنے سے یہ معلوم ہوا کہ تعین تعداد ممبران کمیٹی تاحال ہنوز گورنمنٹ نے نہیں کیا ہے اس کا اعلان حسب دفعہ ۳ ضمن (۲) (ب) منجانب گورنمنٹ ہونا چاہئے چونکہ مانڈہ میں ممبران کمیٹی کی تعداد سات ہے لہذا قصبہ شاہ آباد میں ممبران کی تعداد ۵ مقرر ہونا چاہیے چونکہ مانڈہ کی آبادی ۷۲۱۱ ہے اور شاہ آباد کی آبادی ۵۹۶۴ ہے۔

طے پایا کہ :-

تحت دفعہ ۳ ضمن (۲) حرف (ب) قانون ٹاؤن ایریا سنہ ۱۹۳۲ء برائے کمیٹی ٹاؤن ایریا قصبہ شاہ آباد منتخب شدہ ممبران کی تعداد ۵ مقرر کیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں
ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل — واقع ۱۸ اپریل سنہ ۱۹۳۹ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۰ اپریل سنہ ۳۹ء میں کاغذات متعلق عطائے الاؤنس مشورہ کارہائے تعمیرات میونسپلٹی بہ انجینئر صاحب واٹر ورکس دوبارہ پیش ہو کر واضح ہوا کہ قبل ازیں میونسپل بورڈ نے بحیثیت کنسلٹنگ انجینئر مسٹر عبدالجبار خانصاحب انجینئر واٹر ورکس کو بجٹ میونسپلٹی سے مبلغ پچاس روپیہ ماہانہ الاؤنس از ۲۰ جون سنہ ۳۸ء دلائے جانیکی تحریک بوساطت عالیجناب صاحب ہوم منسٹر بہادر کی تھی جس پر کونسل نے بحکم ۱۵ ستمبر سنہ ۱۹۳۸ء صرف ماہانہ الاؤنس دیا جانا منظور کیا تھا اب انجینئر صاحب مذکور نے رپورٹ کی ہے کہ وہ میونسپلٹی کی خدمات بدستور مثل سابق انجام دینے کے لئے تیار ہیں کہ انکو سلسلہ معائنہ کارہائے میونسپلٹی مبلغ ماہانہ موٹر الاؤنس عطا فرمایا جائے عالیجناب صاحب ہوم منسٹر بہادر نے تحریر کیا ہے کہ یہ مسئلہ دوبارہ کونسل میں پیش کیا جائے۔

باتفاق عالیجناب صاحب ہوم منسٹر بہادر

طے پایا کہ :-

بہ تنسیخ حکم کونسل مورخہ ۱۵ ستمبر سنہ ۱۹۳۸ء مسٹر عبدالجبار خان صاحب انجینئر واٹر ورکس کو بجٹ میونسپلٹی سے بحیثیت کنسلٹنگ انجینئر مبلغ پچاس روپیہ ماہانہ الاؤنس من ابتدائے ۲۰ جون سنہ ۳۸ء دلایا جانا منظور ہے لیکن اس رقم الاؤنس میں سے ماہانہ انجینئر صاحب

ملیں گے اور پندرہ روپیہ ماہانہ سیاہہ سرکار
ہوں گے کیونکہ برٹش گورنمنٹ میں بھی جب کوئی
ملازم سرکار اپنے عہدہ کی خدمات کے علاوہ کوئی
غیر سرکاری خدمت انجام دیتا ہے تو اس کے
الاؤنس کی رقم کا کچھ حصہ سیاہہ سرکار کیا جاتا ہے
انجنیر صاحب مذکور ۳۰ اپریل ۱۹۳۹ء تک
میونسپلٹی میں بحیثیت کنسلٹنگ انجنیر صاحب کام کریں گے
لیکن عالی مرتبت صاحب منسٹر بہادر انچارج محکمۂ
تعمیرات کو افسوس ہے کہ آئندہ سال صاحب
کی خدمات میونسپلٹی کو نہ دی جا سکیں گی

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری
ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

حکم اجلاس اسٹیٹ کونسل رامپور

حکم - واقع ۱۹ر اپریل ۱۹۳۹ء

اسٹیٹ کونسل کا حکم مورخہ ۲۲ر مارچ ۱۹۳۱ء بابت اندراج کل خانہ جات فارم سروس سلکشن بورڈ از صیغہ جات بہنگام تقرر ملازمان و ترسیل اصل فارم بشمول حکم تقرر از سررشتہ صدر بہ دفتر سروس سلکشن بورڈ۔

گزٹ مطبوعہ ۲۵ر مارچ ۱۹۳۹ء میں شائع ہو چکا ہے۔ لیکن اس کے ساتھ جو فارم شائع ہوا ہے۔ اسکے خانہ نمبر ۸ میں "ایسے دو معزز اشخاص کے نام جو سائل کو جانتے ہوں" تحریر ہے۔ حالانکہ اصل فارم منظورہ مطبوعہ گزٹ ۲۲ر جنوری ۱۹۳۸ء میں عبارت ذیل بجائے نمبر ۸ درج ہے "ایسے دو معزز اشخاص کے نام مع دستخط جو سائل کو جانتے ہوں"۔

چونکہ دفتر سلکشن بورڈ کے مرتب شدہ موجودہ فارم میں الفاظ "مع دستخط" سہواً رہ گئے ہیں لہذا تصحیح کی جاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے ایک نقل حکم ہذا کی بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے۔ اسلہ منفصلہ سررشتہ صدر سے حسب قاعدہ واپس کی جائیں۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل